A

# SAMAGRA SHIKSHA KERALA
# FIRST TERMINAL EVALUATION 2019-20

810

STD : VIII

## First Language Part-1 (Urdu)

Time :1 ½ Hrs
Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക

**3x1=3**

### 1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

1 گروہ سے نامناسب جوڑ چن کر لکھیے۔ [ نانا-نانی، بیٹا-بیٹی، ہاتھی-ساتھی، دادا-دادی ] 1

2 زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب
اس شعر میں بچہ خدا سے دعا کرتا ہے۔اس شعر کا شاعر کون ہے؟ 1

3 نیچے چند گاڑیوں کے نام دیے ہیں۔ان کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔ 1

[ بس، کشتی ، سائیکل، جہاز ]

| پانی پر چلنے والی گاڑیاں | سڑک پر چلنے والی گاڑیاں |
|---|---|
| ..............................<br>.............................. | ..............................<br>.............................. |

4 صحیح لفظ چن کر جملہ پورا کیجیے۔ 1

گوپال......پوتی ملیشیا میں ہے [ کی، کا، کے ]

**3x2=6**

### 5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

5 ان میں گاؤں سے تعلق رکھنے والے جملے چن کر لکھیے۔ 2

a) ندی نالوں کا پانی صاف ستھرا ہے۔    b) سڑک پر گاڑیوں کی بڑی بھیڑ ہے۔

c) بڑی بڑی عمارتیں اور کارخانے ہیں۔    d) اکثر لوگ کسان ہیں۔

6 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے دعائیہ نظم کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں
ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

b) لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

c) محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

7 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| پھول | سڑک |
| گاڑی | چہچہاہٹ |
| چڑیا | فوّارہ |
| پانی | گلاب |

8 مناسب لفظ چن کر خانہ مکمل کیجیے۔ [ نظم، کہانی، اقبال ] 2

| | | |
|---|---|---|
| بچے کی دعا | ...................... | دعائیہ نظم |
| محبوب زمانہ | شفیع الدین نیّر | ...................... |

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔** **5x3=15**

9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

9 آج کل لوگ پیڑ پودے کاٹتے ہیں۔ فطرت کو برباد کرتے ہیں۔ 3
بچو، پیڑ کاٹنے کے خلاف نیچرل کلب کے ماتحت ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ جلوس کے لیے چار نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : پیڑ فطرت کا ایک وردان ہے۔

10 "میں گوپال ہوں۔ میں اکیلا رہتا ہوں۔ میرا بیٹا، بہو اور پوتی ملیشیا میں ہے۔" گوپال بچوں سے اپنے بارے میں کہنے لگا۔..................... بچو، آپ بھی اپنے بارے میں چند جملے لکھیے۔ 3

11 موٹنار، میسور، کوچی اور آگرہ خوب صورت تفریحی مقامات ہیں۔ 3

a) بچو، ان میں سے کیرلا کے تفریحی مقامات کے نام چن کر لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک تفریحی مقام پر نوٹ لکھیے۔

12 پارک کتنا حسین ہے! پانی کے فوّارے، پھلوں سے لدے ہوئے پیڑ، خوشی سے کھیلنے والے بچے، ........ 3

واہ! کیا خوش نما نظارہ ہے!۔




بچو، پارک سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔ ان الفاظ کی مدد سے پارک کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 3

میرے اللہ بُرائی سے بچانا مجھ کو

نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو

اس شعر میں بچہ خدا سے دعا کرتا ہے۔ بچو، آپ خدا سے کیا کیا دعا کرتے ہیں؟ تین چار جملے لکھیے۔

14 گوپال چھٹیوں میں اپنی پوتی ارچنا کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہے۔ کھیل صحت کے لیے اچھا ہے۔ 3

a) بچو، آپ چھٹیوں میں کیا کیا کھیل کھیلتے ہیں۔ چار کھیلوں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ کھیل کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

15 ہمارے آس پاس کئی بوڑھے اور ضعیف لوگ اکیلے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو کئی مشکلات ہیں۔ ان کی مدد کرنا 3

ہمارا فرض ہے۔

بچو، ان لوگوں کے لیے کیا کیا مدد کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

## 16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4=16**

16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

16 عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

جام نگر میں ایک پارک ہے۔ رنگ برنگے پھولوں سے بھرا اور دور دور تک پھیلا ایک

خوب صورت پارک۔ اس میں پھولوں کا رس چوسنے والی تتلیاں اور چہچہانے والی چڑیاں وہاں

آتی جاتی ہیں۔ پانی کے فوّارے، خوشی سے کھیلنے والے بچے، ایک طرف بہتی ہوئی ندی، ندی میں بہنے والی کشتیاں، ....واہ! کیا خوش نما نظارہ ہے۔

[اشارے : کہاں، کیسے، کون، کیوں، کیا ]

17 محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے 4

بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچوّ، شاعر شفیع الدّین نیرؔ اس شعر میں بچپن کے بارے میں خوب بیان کرتا ہے۔ بچپن کا زمانہ بہت خوبصورت ہے۔ بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

18 بوڑھا گوپال کی پوتی ارچنا ملیشیا میں ہے۔ چھٹی کے دن ماں باپ کے ساتھ وہ گھر واپس آئی۔ بچوّ، اگر آپ کو ارچنا سے ملنے کا موقع ملا تو اس سے کیا کیا سوال کریں گے۔ چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

19 پیڑ فطرت کی جان ہے۔ پیڑ لگانا اچھا کام ہے۔ پیڑ سے ہم کو بہت فائدے ملتے ہیں۔ 4

a) بچوّ، آس پاس کے دو پیڑوں کے نام لکھیے۔

b) پیڑ کے بارے آپ کیا کیا جانتے ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

20 پروفائل غور سے پڑھیے۔ علاّمہ اقبال کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | ڈاکٹر علاّمہ محمد اقبال |
| پیدائش | : | ١٨٧٧ء، سیال کوٹ |
| مجموعہ کلام | : | بانگ درا، بالِ جبریل |
| مشہور نظم | : | ترانۂ ہندی (سارے جہاں سے اچھا) |
| وفات | : | ١٩٣٨ء، لاہور |

21 گوپال کی پوتی ارچنا ماں باپ کے ساتھ گھر واپس آئی۔ دادا جان کے لیے اس نے نئے کپڑے، ٹوپی، مٹھائیاں وغیرہ لائی ہیں۔ ارچنا کو دیکھ کر گوپال بہت خوش ہوا۔ دونوں باتیں کرنے لگے۔ 4

گوپال : ارچنا بیٹی! تم کیسی ہو؟

ارچنا : ..................

گوپال اور ارچنا کی گفتگو آگے بڑھایئے

***********************************